نوٹس برائے 107 واں سالانہ اجلاس عام

K-ELECTRIC
Energy That Moves Life

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کے۔ الیکٹرک لمیٹڈ کا 107 واں سالانہ اجلاس عام (AGM) پرل کانٹی نینٹل (پی سی) کے گرینڈ بال روم (گراؤنڈ فلور) کلب روڈ کراچی میں بروز منگل 30 جولائی 2019 کو 10.30 بجے صبح مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

۱۔ سالانہ اجلاس عام (AGM) منعقدہ 19 ستمبر 2017 کی کارروائی (Minutes) کی تصدیق کرنا۔

۲۔ 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس (مع ان کے بارے میں ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس) پر غور کرنا، منظور کرنا اور Adopt کرنا۔

۳۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 13 مقرر کردی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز یہ ہیں:

۱۔ اکرام المجید سہگل	۵۔ محمد زبیر موتی والا	۹۔ چودھری خاقان سعداللہ خان	
۲۔ سید موئس عبداللہ علوی	۶۔ شان اے اشمرے	۱۰۔ سید محمد اختر زیدی	
۳۔ خالد رفیع	۷۔ مشرانج شیخ	۱۱۔ وسیم مختار	
۴۔ ڈاکٹر احمد مجتبیٰ میمن	۸۔ نیر حسین	۱۲۔ ادیب احمد	

۴۔ 2017-18 کے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔

خصوصی امور:

۵۔ مندرجہ ذیل کو تریم کے ساتھ یا بلا تریم خصوصی قراردادوں کے طور پر غور کرنا تاکہ کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے جس کا مقصد کمپنیز ایکٹ 2017 سے ہم آہنگ کرنا اور "کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016" کی پیروی میں شامل کئے گئے آرٹیکلز کو خارج کرنا کیونکہ اسے منسوخ کردیا گیا ہے اور "کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018" سے تبدیل کردیا گیا ہے۔

طے پایا کہ کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں جہاں جہاں "کمپنیز آرڈیننس 1984" کے الفاظ درج ہیں، ان کو "کمپنیز ایکٹ 2017" کے الفاظ سے تبدیل کیا جائے اور کیا جاتا ہے۔

مزید طے پایا کہ آرٹیکل A-47 اور آرٹیکل A-50 کو، جو پہلے موجود و منسوخ شدہ "کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016" کی پیروی میں شامل کئے گئے تھے، حذف کیا جاتا ہے اور خارج کیا جاتا ہے۔

مزید طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا کمپنی سیکرٹری کو یہاں مشترکہ طور پر یا انفرادی یا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قراردادوں اور موقع پر ہی سامنے آنیوالے معاملات پر عملدرآمد یا Ancillary صورتحال سے نمٹنے، ایسی دوسری دستاویزات Execute کرنے اور ضروری کارروائیاں اور قانونی فائلنگ کیلئے تمام ضروری / Expedient اقدامات کرسکتے ہیں۔

۶۔ صاحب صدر کی اجازت سے زیر غور آنے والے کوئی اور امور۔

بحکم بورڈ

محمد رضوان ڈالیا
چیف ایگزیکٹو آفیسر اینڈ کمپنی سیکرٹری، کے الیکٹرک لمیٹڈ

8 جولائی 2019
کراچی

نوٹ:

(i) AGM میں شرکت کے سلسلے میں کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 23 جولائی 2019 سے 30 جولائی 2019 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم سی ڈی سی شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400 میں پیر 22 جولائی 2019 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفر زبروقت تصور ہوں گے۔

(ii) اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹنگ کیلئے اہل ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹنگ کے لئے تحریری طور پر پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

(iii) پراکسی کیلئے برائے وقت سے مکمل فارم اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے پہلے کے ای کا رپوریٹ آفیئرز ڈپارٹمنٹ، پہلی منزل بلاک اے، ایلیٹ روڈ، پاور ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 74200 میں کمپنی سیکرٹری کے پاس جمع کروادیے جائیں۔

(iv) شیئر ہولڈرز (Non-CDC) سے گزارش ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99-بی، بلاک۔بی ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔74400) کو فوری اطلاع دیں۔ سی ڈی سی کے شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ برائے مہربانی اپنے شرکت کنندگان کے پاس اپنے پتے اپ ڈیٹ کروالیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز / سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مورخہ 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ سرکلر نمبر 1 کے مطابق درج ذیل مزید ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

i) فزیکل صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔

ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے شناختی نمونہ دستخط کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنی ہوگی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:

i) فزیکل صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہوں، وہ درج ذیل شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii) حق ملکیت رکھنے والے افراد اور پراکسی کے کارآمد CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول، پراکسی فارم کے ہمراہ فراہم کرنی ہوں گی۔

iii) اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی کو اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے شناختی نمونہ دستخط اور پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنی ہوگی۔ (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

v) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی درکار ہوگی، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج کرنے ہوں گے۔

vi) اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرتا ہے اور کمپنی کے ساتھ ان کی ایک سے زیادہ دستاویز جمع کرتا ہے تو ایسی تمام دستاویزات ناقابل قبول ہوں گی۔

(ج) ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی فرد جو ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے الیکشن میں حصہ لینا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائرنگ ڈائریکٹر ہو یا نہ ہو، اس کو درج ذیل دستاویز کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ دفتر میں درج بالا مذکورہ اجلاس سے کم از کم 14 دن پہلے جمع کرانا ہوگی۔

اے) کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق خود کو بطور ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے پیش کرنے کی رضامندی۔

بی) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر مقابلہ کی رضامندی کیلئے فارم-28 مکمل شدہ۔

سی) تفصیلی پروفائل مع دفتر کا پتہ جو SRO 25(1)2012 مجریہ 16 جنوری 2012 کی شرط کے مطابق انتخاب کی تاریخ سے سات (7) دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ پر جاری کیا جائیگا۔ اور

ڈی) کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز 2017 کی شرائط کی پیروی کرنے کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق بطور لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر ہونے کی اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کے بارے میں دستخط شدہ ڈکلریشن

(د) پوسٹل بیلٹ

ممبران پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹ دینے کا حق استعمال کرسکتے ہیں یعنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو شقوں کی شرائط کے مطابق بذریعہ ڈاک یا الیکٹرونک ذرائع سے اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنی اپنے ممبران کو اجلاس کے دوران ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرسکتی ہے جو SECP کے لاگو قوانین کے مطابق مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئرز کی ملکیت رکھتے ہوں، جو ممبران کی جغرافیائی حدود میں رہائش پذیر ہوں اور ان کے شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو، بشرطیکہ وہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ شرکت کیلئے اپنی رضامندی کا اظہار اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 روز پہلے اطلاع دیں۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل معلومات فراہم کی جائیں:

میں / ہم _____ سکنہ _____ بحیثیت کے الیکٹرک لمیٹڈ کے ممبر / ولیو نمبر اسی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر _____ میں رجسٹرڈ ہونے کے مطابق _____ عمومی شیئرز کے ہولڈر ہیں اور _____ پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

_____
دستخط ممبر (ز)

آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی

کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے سال مختتمہ 30 جون 2017 کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: (www.ke.com.pk)۔

ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک ذریعہ سے ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق اہل شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی نقد رقم کی شکل میں ادائیگی صرف ان کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ الیکٹرونک موڈ براہ راست جمع کرا کر کی جاسکتی ہے۔ اس لئے ممبران سے درخواست ہے کہ بک انٹری فارم کے صورت میں درکار معلومات، دستخط شدہ، مع کارآمد CNIC کی کاپی اپنے متعلقہ شراکت دار / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروسز کو اور فزیکل ہونے کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار (CDC) کو جلد از جلد فراہم کریں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ (www.ke.com.pk)۔

CNIC/NTN Certificate جمع کرانا (لازمی)

ممبران سے درخواست ہے کہ بک انٹری فارم کی صورت میں CNIC/NTN Certificate کی کارآمد کاپی اپنے متعلقہ شراکت دار / سی ڈی سی اکاؤنٹس سروسز کو اور فزیکل ہونے کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار (سی ڈی سی) کو مع کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر فراہم کریں۔

ڈیویڈنڈ سے ٹیکس کی کٹوتی ۔ فنانس ایکٹ 2018

فنانس ایکٹ 2018 کی رو سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق درج ذیل شرح سے کی جائے گی:

i) انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں سے 15%

ii) انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں سے 20%

مستقبل میں ٹیکس کی ادائیگی کی حیثیت کیلئے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے طریقہ کار کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ بک انٹری فارم ہونے کی صورت میں اپنے ٹیکس کی ادائیگی کی حیثیت (فائلر / نان فائلر) اپ ڈیٹ کریں، NTN نمبر اور دیگر معلومات اپنے متعلقہ شراکت دار کو اور فزیکل شیئر ہولڈر ہونے کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار (CDC) کو فراہم کریں۔ مشترکہ شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر (ز) کے شیئرز کے حصے کا تناسب کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ درج بالا معلومات کی عدم وصولی / عدم دستیابی کی صورت میں ایسے شیئر ہولڈر کو ان فائلر تصور کیا جائے گا اور جب بھی کمپنی ڈیویڈنڈ کا اعلان کرے گی تو ان کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے 20% کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کرلی جائے گی۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی فراہمی اور اجلاس کی اطلاع بذریعہ سی ڈی

SECP کے ایس آر او مورخہ 31 مئی 2016 کی پیروی میں اور کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی AGM منعقدہ 19 ستمبر 2017 میں منظور شدہ قرارداد کے مطابق، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مالی سال 2017، ممبران کو سی ڈی کے ذریعہ فراہم کئے جارہے ہیں۔ تاہم کوئی بھی شیئر ہولڈر مذکورہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنے کیلئے تحریری درخواست دے سکتا ہے۔ یہ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.ke.com.pk/ پر دستیاب ہے۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور اجلاس کی اطلاع کی بذریعہ ای میل ترسیل (اختیاری)

SECP نے اپنے نوٹیفکیشن مجریہ 08 ستمبر 2014 کے مطابق ممبرز سے جو کمپنی کے مالیاتی گوشوارے / اجلاس کی اطلاع ای میل کے ذریعہ حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں، درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.ke.com.pk) پر دستیاب درخواست فارم پر کرکے ارسال کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ

کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترمیمات تکنیکل نوعیت کی ہیں اور درج ذیل کی بناء پر ضروری سمجھی گئی ہیں:

I۔ کمپنیز آرڈیننس 1984 کی منسوخی اور اس کی جگہ کمپنیز ایکٹ 2017 کا اعلان۔ لہٰذا تجویز ہے کہ منسوخ شدہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے حوالے سے کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں جہاں جہاں یہ الفاظ درج ہیں، ان کو "کمپنیز ایکٹ 2017" کے الفاظ سے تبدیل اور اس کی جگہ درج کیا جائے۔

II۔ SECP کی جانب سے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے نوٹیفکیشن کے اجراء سے کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016، آرٹیکل A-47 اور آرٹیکل A-50 فالتو ہوگئے ہیں اور تجویز دی جاتی ہے کہ ان کو حذف کردیا جائے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 4 جولائی 2019 میں محسوس کیا کہ کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مطلوبہ ترمیمات، دستاویزات کو نئے ایکٹ / لاء سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ناگزیر ہے لہٰذا سفارش کی جاتی ہے کہ مذکورہ ترمیمات کو AGM میں ممبران کے سامنے غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کو مذکورہ خصوصی کاروباری امور میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔